© rasailojaraid.com

تبصرے

مجلّات و رسائل کے خاص نمبر

دلی کالج میگزین کا میر نمبر: مرتبہ جناب نثار احمد صاحب فاروقی۔ تقطیع متوسط۔ ضخامت ۴۶۴ صفحات کتابت وطباعت بہتر، قیمت درج نہیں، پتہ :- دلّی کالج۔ اجمیری گیٹ، دلّی۔ ۶۔

اس نمبر میں درحقیقت وہ سب کچھ ہے۔ اور نہایت مستند طریقہ پر۔ جس کی اُردو زبان و ادب کے ایک طالب علم کو میر تقی میر سے متعلق جستجو ہو سکتی ہے، اور کیوں نہ ہو؟ اس کے مرتب وہ ہیں جنھوں نے جوانعمری میں ہی بحیثیت ایک ادیب و نقاد اور محقق کے امتیاز حاصل کرلیا ہے، اس نمبر میں چار ابواب ہیں، حیات، فن، تصانیف ان میں سے ہر ایک کے لئے ایک ایک باب مخصوص ہے، چوتھے باب میں میر کو نثر و نظم میں جو خراجِ عقیدت پیش کیا گیا ہے اسے یکجا کر دیا ہے۔ اس میں کوئی شبہ نہیں کہ معلومات، تحقیق اور وسعتِ مباحث کے اعتبار سے یہ نمبر اُردو ادب کے ذخیرہ میں خاصہ کی چیز ہے۔ قاضی عبدالودود، مولانا امتیاز علی خاں عرشی، ڈاکٹر گیان چند، نصیر الدین ہاشمی مرحوم۔ ڈاکٹر مختار الدین احمد آرزو، ڈاکٹر تیواڑی اور محمود حسن قیصر امروہوی ایسے نامی گرامی محققین اور پروفیسر آل احمد سرور۔ اثر لکھنوی، حامد اللہ افسر اور سید محمد ایسے شگفتہ قلم نقاد اور ادیبوں نے جس نمبر کی ترتیب میں حصّہ لیا ہو اُسے کیسا ہونا چاہئے؟ یہ نمبر کچھ اُس سے بھی بڑھ چڑھ کر ہی ہے، یہ دیکھ کر تعجب ہوا کہ خواجہ احمد فاروقی جن کو اپنی کتاب "حیاتِ میر" پر ساہتیہ اکاڈمی کا انعام مل چکا ہے، وہ اس نمبر میں کہیں نظر نہیں آئے۔

بصائر کراچی کا ٹیپو سلطان شہید نمبر: مرتبہ ڈاکٹر سید معین الحق۔ تقطیع متوسط۔ ضخامت چار سو صفحات کتاب وطباعت بہتر: قیمت چھ روپیہ۔ پتہ:- حق نشان۔ ۳۰ نیو کراچی ہاؤسنگ سوسائٹی۔ کراچی۔ ۵۔

بصائر دائرہ معین المعارف کراچی کا سہ ماہی علمی رسالہ ہے، یہ نمبر ٹیپو سلطان شہید پر مضامین و مقالات کے لئے مخصوص ہے، اگرچہ مقالات سب ایک معیار کے نہیں ہیں، تاہم سلطان کی نجی زندگی، طرزِ حکومت، سیاسی افکار

© rasailojaraid.com